e-paper www.avadhnama.com
Postal Registration No. GPOLW/MP-50/2012-14 • RNI No. UPURD/2001/6110
LUCKNOW روزنامہ
اودھ نامہ
avadhnama
Rs.3/- Vol- 25 , Issue, 294 Sunday , July 26 2026 Pages -8
قیمت ۳/روپیہ جلد نمبر(۲۵) شمارہ نمبر(۲۹۴) لکھنؤ، بروز اتوار ۲۶-جولائی ۲۰۲۶، مطابق ۱۱-صفر المظفر-۱۴۴۸ھ صفحات-۸

### مسلح افواج ہر چیلنج کا سامنا کرنے کے لیے مکمل طور پر تیار: راج ناتھ

نئی دہلی (یواین آئی) وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے ہفتہ کے روز 27ویں کارگل وجے دیوس کی ماقبل شام پر دراس میں منعقدہ ایک یادگاری تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ دشمن کی جانب سے مسلسل پروکسی وار اور دراندازی کی کوششوں کے باوجود ہندستانی مسلح افواج ہر چیلنج کا سامنا کرنے کے لیے مکمل طور پر تیار ہیں۔ 1999 کی کارگل جنگ کے بہادروں کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے وزیر دفاع نے کہا کہ آپریشن وجے کے دوران دکھائی گئی ہمت، عزم اور حب الوطنی آج بھی مسلح افواج اور پوری قوم کو ترغیب دیتی ہے۔ انہوں نے اعتماد کا اظہار کیا کہ جب تک ملک کے جوانوں کا اٹل عزم اور حب الوطنی قائم ہے، تب تک ہندستان کی سلامتی یقینی رہے گی۔ کارگل کی فتح کو یاد کرتے ہوئے وزیر دفاع نے کہا کہ ملک کے سامنے سکیورٹی چیلنجز اب بھی برقرار ہیں۔ انہوں نے فوجیوں کی فلاح و بہبود اور دفاعی جدید کاری کے لیے حکومت کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ فوج کو عالمی سطح کے ہتھیاروں، تربیت اور جدید ترین ٹیکنالوجی سے لیس کیا جارہا ہے۔

### پیپر لیک معاملے کی سماعت کے لیے راؤز ایونیو کورٹ میں خصوصی فاسٹ ٹریک عدالت دی گئی تشکیل، اسپیشل جج نے لیا چارج

نیٹ اور دیگر مسابقتی امتحانات میں پیپر لیک سے متعلق مقدمات کی سماعت میں اب بہتری آئے گی۔ اسی مقصد کے تحت دہلی کی راؤز ایونیو کورٹ میں تشکیل دی گئی خصوصی فاسٹ ٹریک عدالت نے اپنا کام شروع کر دیا ہے۔ کورٹ نمبر 408 میں قائم اس خصوصی عدالت کی خصوصی جج انو گرووربالیگا نے ہفتے کے روز اپنا عہدہ سنبھالا۔ دہلی ہائی کورٹ نے پیپر لیک اور سرکاری امتحانات میں ناجائز ذرائع کے استعمال سے متعلق فوجداری مقدمات کی فوری سماعت کے لیے خصوصی فاسٹ ٹریک عدالت کا قیام عمل میں لایا ہے۔ اس عدالت کا مقصد ایسے مقدمات کا جلد از جلد فیصلہ کرنا اور قصورواروں کے خلاف عدالتی کارروائی کو تیز کرنا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے نیٹ اور دیگر مسابقتی امتحانات میں پیپر لیک کے معاملے پر سخت موقف اختیار کرتے ہوئے ملک بھر میں فاسٹ ٹریک عدالتیں قائم کرنے کا فیصلہ کیا تھا۔

# وزیر تعلیم پردھان کا استعفیٰ، جنتر منتر میں جشن، آندولن ختم

## مودی حکومت کانگریس اور جین-زی کے آگے جھکنے کو ہوئی مجبور، دھرمیندر پردھان کے استعفے کے بعد پرہلاد جوشی کو وزارتِ تعلیم کا اضافی قلمدان



نئی دہلی (ایجنسی) 'جین-زی' نے آج ایک بار پھر ثابت کر دیا کہ وہ چاہیں تو کسی بھی تاناشاہی کو جھکنے پر مجبور کر سکتے ہیں۔ جین-زی اور اپوزیشن پارٹیوں کا سخت دباؤ ہی تھا کہ مرکزی وزیر تعلیم دھرمیندر پردھان کو 'استعفیٰ' دینا ہی پڑا۔ وزیر تعلیم دھرمیندر پردھان نے اپنے عہدہ سے 'استعفیٰ' کی جانکاری سوشل میڈیا پلیٹ فارم 'ایکس' پر دی ہے۔ انھوں نے اپنی پوسٹ میں نوجوانوں کے نام ایک خط لکھا ہے، جس میں کہا ہے کہ جنتر منتر اور ملک میں جو حالات بنے ہیں، اس کا ملک مخالف طاقتیں فائدہ نہ اٹھائیں اس لیے 'استعفیٰ' کا فیصلہ کیا ہے۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ وہ ملک میں یکجہتی بنائے رکھنا چاہتے ہیں۔ انھوں نے ایک نوٹ پوسٹ کیا ہے، جس میں لکھا ہے کہ "میں گزشتہ 4 دہائیوں سے زیادہ مدت سے طلبا، اساتذہ اور تعلیمی اصلاح کے لیے وقف رہا ہوں۔ میرا ہمیشہ ہی بھروسہ رہا ہے کہ ایک مضبوط، مجموعی اور دور اندیش تعلیمی نظام ہی مضبوط ملک کی بنیاد ہوتی ہے۔

مرکزی وزیرِ تعلیم دھرمیندر پردھان نے ہفتہ کو اپنے عہدے سے 'استعفیٰ' دے دیا اور جیسے ہی یہ اطلاع جنتر منتر پر پہنچی تو وہاں جشن کا ماحول بن گیا۔ اس کے بعد مظاہرہ کرنے والے طلبہ خوشی سے جھومنے لگے۔ پچھلے 36 دنوں سے قومی دارالحکومت کے جنتر منتر پر مظاہرہ کر رہے طالب علموں نے مسٹر پردھان کے استعفے کے فیصلے کا جوش و خروش کے ساتھ استقبال کیا۔ مظاہرین طلبہ نے مٹھائیاں بانٹیں اور ایک دوسرے کو مبارکباد دی۔ مظاہرہ کرنے والے طالب علم فلم چک دے انڈیا کے گانے کچھ کریے، کچھ کریے نس نس میری کھولے، ہائے کچھ کریے... چک دے انڈیا گانے کی دھن پر تھرکنے لگے۔ اس کے بعد وندے ماترم گانا بجایا گیا۔ جشن کے دوران اسٹیج سے بار بار طالب علموں سے امن و امان برقرار رکھنے کی اپیل کی گئی۔ اس دوران کانگریس کے سابق رکنِ پارلیمنٹ سندیپ دیکشت سمیت کئی دیگر اراکینِ پارلیمنٹ وہاں پر نظر آئے۔ مظاہرہ کرنے والے طالب علموں نے مسٹر پردھان کے استعفے کو ملک بھر میں تحریک چلا رہے طالب علموں کی تاریخی جیت قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ آخر کار حکومت نے ذمہ داری لی اور یہ بہت ہی اچھی بات ہے۔ طالب علموں کا کہنا تھا، مسٹر پردھان کا 'استعفیٰ' ہونا بہت خوشی کی بات ہے، لیکن یہ جواب دہی طے کرنے کا پہلا پڑاؤ ہے۔ ہم نے حکومت کو جھکایا ہے۔ اب حکومت کو پتا رہنا چاہیے کہ وہ جب بھی غلط کرے گی، ہم یہاں جواب مانگنے کے لیے کھڑے رہیں گے۔

وہیں دوسری جانب مرکزی وزیر پرہلاد جوشی کو ہفتہ کے روز ان کی موجودہ وزارتوں کے ساتھ وزارتِ تعلیم کا اضافی قلمدان سونپ دیا گیا۔ یہ اطلاع حکومت کی جانب سے جاری ایک سرکاری بیان میں دی گئی۔ یہ اعلان مرکزی وزیر تعلیم دھرمیندر پردھان کے مرکزی وزراء کونسل سے 'استعفیٰ' دینے کے فوراً بعد کیا گیا۔ مسٹر پردھان نے کاکروچ جنتا پارٹی (سی جے پی) کی قیادت میں طلبہ کی تقریباً ایک ماہ طویل تحریک کے بعد اپنے عہدے سے 'استعفیٰ' دیا۔ سرکاری بیان کے مطابق صدر جمہوریہ نے وزیر اعظم کے مشورے پر دھرمیندر پردھان کا 'استعفیٰ' منظور کر لیا۔ بیان میں کہا گیا کہ مسٹر پرہلاد جوشی امورِ صارفین، خوراک و عوامی نظامِ تقسیم اور نئی و قابلِ تجدید توانائی کی وزارتوں کی ذمہ داریاں بدستور سنبھالتے رہیں گے، جبکہ انہیں وزارتِ تعلیم کا اضافی قلمدان بھی سونپ دیا گیا ہے۔

کروچ جنتا پارٹی (سی جے پی) نے ہفتہ کو نیٹ امتحان کے معاملے پر جاری اپنا احتجاج فوری طور پر واپس لینے کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ حکومت نے پارٹی کے تمام مطالبات، جن میں وزیر تعلیم دھرمیندر پردھان کا 'استعفیٰ' اور تمام مظاہرین کے خلاف درج ایف آئی آر واپس لینا شامل ہے، تسلیم کر لیے ہیں۔ سی جے پی کے ترجمان آشتوش رنکا نے مرکزی وزیر صحت جگت پرکاش نڈا اور مرکزی وزیر جتیندر سنگھ کے ساتھ مشترکہ پریس کانفرنس میں کہا، "ہمارے تمام مطالبات مان لیے گئے ہیں۔ ہم جنتر منتر اور دیگر مقامات پر موجود اپنے تمام حامیوں اور مظاہرین سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ پر امن طریقے سے احتجاج ختم کر دیں۔" مرکزی وزیر صحت جگت پرکاش نڈا نے کہا کہ حکومت قواعد کے مطابق نیٹ امتحان کی منسوخی کے بعد خودکشی کرنے والے طلبہ کے اہل خانہ کو "باعزت معاوضہ" دے گی اور مظاہرین کے خلاف درج تمام ایف آئی آر واپس لی جائیں گی۔

کاکروچ جنتا پارٹی کے ترجمان سورو داس نے کہا کہ حکومت نے دہلی کے علاوہ بی جے پی اور اس کی اتحادی جماعتوں کی حکومت والی ریاستوں میں مظاہرین کے خلاف درج تمام ایف آئی آر واپس لینے پر بھی اتفاق کیا ہے۔ انہوں نے کہا، "دہلی میں تقریباً 15 سے 20 ایف آئی آر درج کی گئی تھیں اور تین سے پانچ دن کے اندران تمام ایف آئی آر کی نقول فراہم کر دی جائیں گی۔" انہوں نے مزید کہا کہ حکومت نے یقین دہانی کرائی ہے کہ نہ اب اور نہ ہی مستقبل میں مظاہرین یا احتجاج کے منتظمین کے خلاف کوئی مزید کارروائی کی جائے گی۔ سی جے پی 20 جون سے قومی دارالحکومت کے جنتر منتر پر مسلسل دھرنا دے کر میبنہ نیٹ-یو جی 2026 پرچہ لیک اور سی بی ایس ای کے آن اسکرین تشخیصی نظام میں بے ضابطگیوں کے خلاف احتجاج کی قیادت کر رہی تھی۔

# 'دنیا جھکتی ہے، جھکانے والا چاہیئے'


## ہم نے کر دکھایا، ابھیجیت دیپکے کا ردعمل، تحریک کے پیچھے کوئی غیر ملکی ہاتھ نہیں: سی جے پی



نئی دہلی: (ایجنسی) مرکزی وزیر تعلیم دھرمیندر پردھان نے دہلی کے جنتر منتر پر طلبہ کے جاری احتجاج کے بعد اپنے عہدے سے 'استعفیٰ' دے دیا۔ انہوں نے ہفتہ (25 جولائی) کو ٹویٹر پر ایک پوسٹ شیئر کرتے ہوئے اس معاملے پر اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ استعفے کے فیصلے کے بعد کاکروچ جنتا پارٹی کے سربراہ ابھیجیت دیپکے نے اس معاملے پر اپنا پہلا بیان جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہم جیت گئے ہیں۔ ہم نے کر دکھایا۔ کاکروچ جنتا پارٹی (سی جے پی) کے بانی ابھیجیت دیپکے نے ہفتہ کو کہا کہ مرکزی وزیر تعلیم کا 'استعفیٰ' یہ ظاہر کرتا ہے کہ اگر آپ ثابت قدم رہتے ہیں اور اس حکومت (بی جے پی) کے سامنے جھکنے سے انکار کرتے ہیں تو آپ کسی کو بھی 'استعفیٰ' دینے پر مجبور کر سکتے ہیں۔ دیپکے نے عوام سے جمہوریت میں خوفزدہ نہ ہونے کی اپیل بھی کی۔ انہوں نے کہا جنتر منتر پر قائم اسٹیج سے سی جے پی کے بانی ابھیجیت دیپکے نے کہا: ہم کامیاب ہو گئے، دھرمیندر پردھان نے 'استعفیٰ' دے دیا ہے۔ یہ لوگ کہتے تھے کہ اس حکومت میں کوئی 'استعفیٰ' نہیں دیتا، اور ہم کہتے تھے: *دنیا جھکتی ہے، جھکانے والے چاہیے* آج دھرمیندر پردھان کا 'استعفیٰ' ہو چکا ہے، اور یہ 'استعفیٰ' اس بات کا ثبوت ہے کہ اگر آپ لوگ نہ ڈریں اور حکومت کے سامنے نہ جھکیں، تو بڑے بڑے لوگوں سے بھی 'استعفیٰ' لیا جا سکتا ہے۔

کاکروچ جنتا پارٹی (سی جے پی) نے ہفتہ کو کہا کہ ان کی تحریک کے پیچھے نہ تو کوئی غیر ملکی ہاتھ تھا اور نہ ہی غیر ملکی فنڈنگ، یہ صرف ملک کے طالب علموں کی تحریک تھی۔ سی جے پی کے ترجمان سورَو داس اور آشتوش رانکا نے کہا کہ دارالحکومت میں جنتر منتر پر ان کے دھرنے کے دوران کچھ شر پسند عناصر نے ماحول خراب کرنے کی کوشش کی لیکن تحریک چلانے والوں نے صبر برقرار رکھا۔ سی جے پی کے یہ دونوں نمائندے یہاں کانسٹی ٹیوشن کلب میں مرکزی وزیر جے پی نڈا اور جتیندر سنگھ کے ساتھ ملاقات کے بعد صحافیوں سے الگ سے بات چیت کر رہے تھے۔ اس سے پہلے دونوں وزراء کے ساتھ مشترکہ پریس کانفرنس میں اپنے مطالبات پر حکومت کے متفق ہونے کی اطلاع دینے کے ساتھ 20 جون سے چل رہی تحریک کو فوری طور پر واپس لینے کا اعلان کیا۔ سی جے پی کے نمائندوں نے ان کی تحریک کی حمایت کرنے کے لیے سیاسی جماعتوں، نوجوانوں اور ہر شہری کا شکریہ ادا کیا۔

### استعفیٰ پر سونم وانگچک کا بیان، کہا یہ جمہوریت کی جیت ہے



نئی دہلی: سماجی کارکن سونم وانگچک، جو طلبہ تحریک کے آغاز سے ہی اس میں شامل ہیں، نے بھی انہیں مبارکباد دی۔ اپنے ٹویٹ میں سونم وانگچک نے لکھا یہ جمہوریت کی جیت ہے۔ سونم وانگچک نے کہا کہ میں حکومت اور دھرمیندر پردھان کے اقدامات کا خیر مقدم کرتا ہوں اور ان کا احترام کرتا ہوں۔ میں ملک کے تمام لوگوں کو مبارکباد پیش کرتا ہوں کیونکہ یہ جمہوریت کی جیت ہے، اور ہم نے آج دیکھا ہے۔ ہمیں ہندوستان میں جمہوریت کی حفاظت جاری رکھنی چاہیے۔ میں ملک کے نوجوانوں کو بھی مبارکباد اور شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں۔ سماجی کارکن سونم وانگچک نے جمعہ کو اپنا 26 دن طویل انشن ختم کیا۔ گروگرام کے میڈانتا اسپتال میں، مرکزی وزیر صحت جے پی نڈا اور ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے انہیں جوس پلا کر انشن ختم کرایا۔ اس دوران حکومت نے پختہ یقین دہانی کرائی کہ جنتر منتر پر پر امن مظاہرہ کرنے والے کسی بھی مظاہرین کے خلاف کوئی قانونی کارروائی نہیں کی جائے گی۔

# تعلیمی وزیر کا استعفیٰ نئی نسل کے انقلاب کی جیت ہے

## نیٹ تحریک کامیاب، جوہر یونیورسٹی بچانے کی ہر قانونی لڑائی لڑیں گے: اکھلیش



لکھنؤ۔ سماجوادی پارٹی کے قومی صدر اور سابق وزیر اعلیٰ اکھلیش یادو نے کہا ہے کہ مرکزی وزیر تعلیم دھرمیندر پردھان کا 'استعفیٰ' نئی نسل کی جیت اور انقلاب کی کامیابی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارتیہ جنتا پارٹی کی متکبر حکومت کو جنریشن زی (Gen Z) کے سامنے جھکنا پڑا۔ استعفے کی خبر نے نئی نسل میں نئی توانائی بھر دی ہے اور جہاں جہاں یہ خبر پہنچی، لوگوں نے خوشیاں منائیں۔ اکھلیش یادو نے کہا کہ حکومت نے غیر ضروری ضد کی۔ طلبہ، نوجوانوں اور بچوں سے بات چیت کر کے استعفے کا فیصلہ پہلے ہی کر لینا چاہیے تھا۔ انہوں نے کہا کہ جب نیٹ امتحان کا پرچہ لیک ہوا اور کئی طلبہ نے جان گنوائی، اسی وقت وزیر تعلیم سے 'استعفیٰ' لے لیا جانا چاہیے تھا۔ حکومت نے خود تسلیم کیا تھا کہ پرچہ لیک ہوا، لیکن اس کے باوجود وہ معاملے کو سنبھالنے میں لگی رہی۔ ہفتہ کے روز اعظم گڑھ میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے اکھلیش یادو نے کہا کہ جنریشن زی کی طاقت کے سامنے حکومت کو جھکنا پڑا۔ انہوں نے طنزیہ انداز میں کہا کہ جو وزیر اعظم ہمیشہ کیمرے کے سامنے خطاب کرتے تھے، انہیں موبائل کی اسکرین کے سامنے آنا پڑا، موبائل کو ترچھا کر کے اپنا اندازِ گفتگو اور زبان بدلنی پڑی۔ انہیں ایک بار نہیں بلکہ دو مرتبہ سامنے آنا پڑا۔ انہوں نے کہا کہ نئی نسل رات بھر جاگتی ہے، اس لیے وزیر اعظم کو بھی رات میں آنا پڑا، جب کہ وہ عموماً شام آٹھ بجے خطاب کرتے تھے، اس مرتبہ انہیں آدھی رات کے بعد سامنے آنا پڑا۔ انہوں نے کہا کہ یہ نئی نسل کی بہت بڑی کامیابی ہے اور حکومت کو چاہیے کہ وہ ابتدائی تعلیم سے لے کر اعلیٰ تعلیم تک سنجیدگی سے غور کرے۔ امتحانی پرچوں کے لیک ہونے کو روکنے کے لیے مضبوط اقدامات کیے جائیں تاکہ مستقبل میں ایسے واقعات دوبارہ پیش نہ آئیں۔ اکھلیش یادو نے کہا کہ بی جے پی منفی سیاست کرتی ہے اور اس پر بڑے پیمانے پر پیسہ خرچ کرتی ہے، لیکن نوجوان نسل نے ایسے نعرے اور پوسٹر تیار کیے جن کا کوئی تصور بھی نہیں کر سکتا تھا۔

# این ٹی اے کے برخاست 47 افسران کے اثاثوں کی جانچ ہوگی: سی ایم یوگی

## ضلع جالون کو 1273.96 کروڑ روپے کے 374 ترقیاتی منصوبوں کا تحفہ



جالون (یواین آئی) اتر پردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے ہفتہ کے روز جالون ضلع میں 1273.96 کروڑ روپے کی لاگت والے 374 ترقیاتی منصوبوں کا سنگ بنیاد رکھا اور افتتاح کر کے ضلع کو ترقی کا ایک بڑا تحفہ دیا۔ انہوں نے کہا کہ ریاستی حکومت انفراسٹرکچر (بنیادی ڈھانچے) کو مضبوط بنانے کے ساتھ ساتھ تعلیم، صحت، پینے کے پانی، توانائی اور سڑک جیسی بنیادی سہولیات کی توسیع کو اولین ترجیح دے رہی ہے۔ وزیر اعلیٰ کا ہیلی کاپٹر دوپہر کے وقت اورئی میں واقع پولیس لائنز ہیلی پیڈ پر اترا، جہاں عوامی نمائندوں اور انتظامی حکام نے ان کا استقبال کیا۔ اس کے بعد وہ اندرا اسٹیڈیم میں منعقدہ عوامی میٹنگ میں پہنچے، جہاں بی جے پی عہدیداروں، کارکنوں اور بڑی تعداد میں موجود لوگوں نے ان کا خیر مقدم کیا۔ وزیر اعلیٰ نے اورئی، کالپی اور مادھوگڑھ اسمبلی حلقوں سے متعلق سڑک، پینے کے پانی، تعلیم، صحت، توانائی، ریونیو (محصولات)، پولیس اور شہری ترقی کے محکموں کے کل 374 منصوبوں کا افتتاح اور سنگ بنیاد رکھا۔ سنگ بنیاد رکھے گئے اہم منصوبوں میں کالپی میونسپل ایریا کی 88.53 کروڑ روپے کی پینے کے پانی کی اسکیم، اورئی-اٹورا روڈ کو چوڑا کرنے کے لیے 43.17 کروڑ روپے، مکھیہ منتری ماڈل کمپوزٹ اسکول کی تعمیر پر 24.02 کروڑ روپے، بنگرا-ریڈھر-لگام پور روڈ کو چوڑا کرنے پر 22.71 کروڑ روپے، کالپی فائر اسٹیشن کی عمارت کی تعمیر پر 18.08 کروڑ روپے اور کونچ شہر میں سیوریج ٹریٹمنٹ پلانٹ اور انٹرسیپشن ڈائیورژن کے کام کے لیے 14.19 کروڑ روپے کے منصوبے شامل ہیں۔

وہیں وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے ہفتہ کے روز کہا کہ نیشنل ٹیسٹنگ ایجنسی کے برخاست 47 افسران کے اثاثوں (جائداد) کی جانچ کرائی جائے گی اور قصوروار پائے جانے پر ان کے اثاثے ضبط کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ نقل مافیا، بھو-مافیا (زمین مافیا) اور تعلیمی مافیا کے خلاف حکومت کی کارروائی مسلسل جاری رہے گی اور ایسے لوگوں کو بخشا نہیں جائے گا۔

### علی گنج آتشزدگی واقعے والی غیر قانونی عمارت پر چلا بلڈوزر

لکھنؤ (ایجنسی) لکھنؤ آتشزدگی معاملہ میں لکھنؤ ڈیولپمنٹ اتھارٹی (ایل ڈی اے) کی جانب سے مسمار کرنے کی کارروائی شروع ہو گئی ہے۔ ایل ڈی اے نے اس عمارت کو گرانے کے لیے 15 دن کا نوٹس دیا تھا جس کی مدت آج ختم ہو گئی، جس کے بعد ایل ڈی اے نے اس غیر قانونی عمارت کو ہٹانے کی مہم شروع کر دی ہے۔ اس دوران موقع پر بھاری تعداد میں پولیس فورس کو تعینات کیا گیا ہے۔ علی گنج کی اسی عمارت میں آگ لگنے کی وجہ سے 15 لوگوں کی موت ہو گئی تھی، جس کے بعد جانچ میں یہ بات سامنے آئی کہ اس کے لیے رہائشی نقشہ پاس کرایا گیا تھا جبکہ یہاں تجارتی سرگرمیاں چل رہی تھیں۔ اس کے ساتھ ہی اس میں غیر قانونی تعمیر کی بات بھی سامنے آئی، جس کے بعد ایل ڈی اے نے عمارت کو منہدم کرنے کے لیے نوٹس دیا تھا۔

# 'مودی ماضی ہیں، وہ ہندوستان کے مستقبل سے نہیں لڑ سکتے'

## طلبہ کے ساتھ مار پیٹ کرنے والوں کو سزا ملنی ہی چاہیے، پریس کانفرنس کے دوران راہل گاندھی کا سخت ردعمل



نئی دہلی (ایجنسی) پیپر لیک اور طلبہ احتجاج کے معاملے کو لے کر کانگریس لیڈر اور لوک سبھا میں حزب اختلاف کے رہنما راہل گاندھی نے آج پریس کانفرنس کی، اس دوران ان کے ساتھ 'آئیسا' کی قومی صدر نیہا بورا سمیت دیگر طلبہ بھی موجود تھے۔۔ راہل گاندھی نے مرکزی حکومت کے سامنے پہلا مطالبہ یہ رکھا کہ "وزیر تعلیم، جو بدعنوان اور نااہل ہیں اور جن کا رویہ غلط ہے، انہیں ہٹایا جائے... مرکزی کابینہ میں اس بات پر بحث ہو رہی ہے کہ دھرمیندر پردھان کو وزارت تعلیم سے ہٹا کر کسی دوسری وزارت میں بھیج دیا جائے۔ ہندوستان کے طلبہ کو یہ منظور نہیں ہے۔ یہ کسی کو بھی منظور نہیں ہے۔ وجہ یہ ہے کہ پردھان اس بدعنوانی اور ہندوستان کے بچوں کے مستقبل کے ساتھ جو کچھ بھی ہوا ہے، اس کی نشانی ہیں۔ وہ ملک کی سب سے قیمتی چیز یعنی ہمارے طلبہ اور ان کے مستقبل کی بربادی کی علامت ہیں۔ اس لیے، دھرمیندر پردھان کو ادھر ادھر کرنے، پیچھے یا آگے کرنے جیسی کوئی بات نہیں ہوگی۔ دھرمیندر پردھان کو ہٹانا ہی ہوگا۔"

راہل گاندھی نے مرکزی حکومت سے دوسرا مطالبہ یہ کیا کہ "طلبہ کے ساتھ مار پیٹ کرنے والوں کو سزا ملنی ہی چاہیے۔ خواہ وہ اس کا انتظام کرنے والے ہوں یا اس کارروائی پر عمل درآمد کرنے والے، ان سب کو جوابدہ ٹھہرایا جانا چاہیے اور ان کے خلاف سخت کارروائی ہونی چاہیے۔" تیسرا اور اہم مطالبہ یہ کیا کہ "اس پوری کارروائی کے پس پردہ موجود پورے نظام کے سربراہ، نریندر مودی کو طلبہ کے ساتھ کیے گئے سلوک اور اس ملک کے مستقبل کے ساتھ جو کچھ انہوں نے کیا، اس پر معافی مانگنی چاہیے۔" راہل گاندھی نے مزید کہا کہ "یہ وہی نظام ہے جو ان پر (طلبہ اور نوجوانوں پر) حملہ کر رہا ہے۔ میں نے اندران سے یہی بات کہی۔ میں نے کہا، فکر مت کرو۔ گھبراؤ مت۔ ہندوستانی حکومت کی پوری طاقت، حکومت کا کوئی بھی فرد آپ کو وہاں سے (احتجاج کی جگہ سے) نہیں ہٹا سکتا۔" ساتھ ہی انہوں نے کہا کہ "حکومت کو جو کرنا ہے، کرنے دیں۔ اگر وہ روکنا چاہتے ہیں، دھمکانا چاہتے ہیں، تو وہ کچھ بھی کر سکتے ہیں... ہم پیچھے نہیں ہٹیں گے... وہ ہندوستان کے مستقبل ہیں۔ کوئی ان سے لڑ نہیں سکتا۔ نریندر مودی ہندوستان کے ماضی ہیں، ماضی کبھی مستقبل سے نہیں لڑ سکتا۔"

دوسری طرف 'آئیسا' کی قومی صدر نیہا بورا نے کہا کہ "آج راہل گاندھی کے ساتھ تعلیمی نظام کے حوالے سے انتہائی بامعنی گفتگو ہوئی۔ ملک میں تعلیمی نظام پر سنجیدہ بحث نہ ہونے کے برابر ہوتی ہے، جبکہ پورے تعلیمی ڈھانچے کو اس طرح متاثر کیا گیا ہے کہ نوجوانوں کی تعلیم، سیکھنے کی صلاحیت اور کچھ نیا جاننے کی چاہ کو نقصان پہنچ رہا ہے۔" اس دوران انہوں نے بتایا کہ "بہار بند سے پہلے بڑی تعداد میں طلبہ کارکنان کو بہار پولیس نے گرفتار کیا، جس کا معاملہ بھی راہل گاندھی کے سامنے اٹھایا گیا ہے۔" نیہا بورا نے مزید کہا کہ "راہل گاندھی کی طرف سے رکھے گئے تینوں مطالبات ملک کے نوجوانوں اور طلبہ کے حقیقی مطالبات ہیں۔ ا مرکزی وزیر تعلیم دھرمیندر پردھان کے استعفے کے مطالبے پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا۔

# پردھان کا استعفیٰ متحدہ اپوزیشن کی جیت اور مودی کی ضد کی ہار: کھرگے

نئی دہلی (یواین آئی) کانگریس صدر ملکارجن کھرگے نے وزیرِ تعلیم دھرمیندر پردھان کے استعفے کو طلبہ، ان کے اہل خانہ اور متحدہ اپوزیشن کی جیت قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ تعلیمی نظام میں اصلاح کی لڑائی ابھی جاری رہے گی۔ مسٹر کھرگے نے وزیرِ تعلیم کے استعفے پر ردِعمل کا اظہار کرتے ہوئے ہفتہ کو سوشل میڈیا ایکس پر لکھا ہندوستان کے چھاتروں کی گونج آخر کار مغرور اقتدار کی دہلیز تک پہنچ گئی ہے۔ یہ ہمارے کروڑوں نوجوانوں کی جیت ہے، جنہوں نے تعلیمی نظام کو درست کرنے کے لیے ملک بھر میں آواز اٹھائی۔ یہ سچائی کی جیت اور وزیرِ اعظم نریندر مودی کی ضد کی ہار ہے۔" انہوں نے کہا کہ وزیرِ تعلیم کا 'استعفیٰ' ان خاندانوں کی بھی جیت ہے، جنہوں نے حکومت کے مبینہ بدعنوان نظام کی وجہ سے اپنے بچوں کو کھویا۔ کانگریس صدر نے کہا، "اب باری ہے مودی جی کی ملک کی نوجوان نسل سے معافی مانگنے کی اور جنہوں نے ان پر لاٹھی ڈنڈے نیز پیلٹ گن چلوائی ہے، ان پر سخت کارروائی کرنے کی۔ پارٹی جنرل سکریٹری کے سی وینوگوپال نے کہا کہ یہ ہندوستان کے نوجوانوں کی تاریخی جیت ہے اور طالب علموں کی طاقت نے نااہل، بدعنوان اور قصوروار وزیرِ تعلیم کو 'استعفیٰ' دینے پر مجبور کر دیا۔ انہوں نے کہا کہ نیٹ سوالنامہ لیک کے بعد سے ہی کانگریس، بالخصوص راہل گاندھی، مسلسل وزیرِ تعلیم کے استعفے کا مطالبہ کر رہے تھے۔





### دہلی میٹرو کے سبھی بند اسٹیشنز کو پھر سے کھولنے کا اعلان

نئی دہلی (ایجنسی) راجدھانی دہلی میں مودی حکومت اور وزیر تعلیم دھرمیندر پردھان کے خلاف طلبا تحریک کے پیش نظر احتیاطاً بند کیے گئے دہلی کے میٹرو اسٹیشنز کے دروازے عام مسافروں کے لیے پھر سے کھول دیے گئے ہیں۔ آج جیسے ہی وزیر تعلیم دھرمیندر پردھان نے اپنے عہدہ سے 'استعفیٰ' دیا، طلبا میں جشن کا ماحول پیدا ہو گیا۔ ایسے میں کشیدگی والے حالات ختم ہوتے نظر آئے اور صلاح و مشورہ کے بعد میٹرو انتظامیہ نے پہلے راجیو چوک، منڈی ہاؤس اور سنٹرل سکریٹریٹ میٹرو اسٹیشنز کے دروازے کھولنے کا اعلان کیا، پھر کچھ ہی دیر بعد ایک ایک کر بند سبھی میٹرو اسٹیشنز کے دروازے کھولنے کا اعلان کر دیا گیا۔

بتایا جاتا ہے کہ سیکورٹی ایجنسیوں سے مشورے کے بعد دہلی میٹرو ریل کارپوریشن (ڈی ایم آر سی) نے داخلے اور باہر نکلنے کے دروازے کھول دیے ہیں، جس سے لٹینس دہلی اور کناٹ پلیس آنے جانے والے مسافروں اور ملازمت پیشہ افراد کو بڑی راحت ملی ہے۔ قابل ذکر ہے کہ جنتر منتر پر جاری طلبا تحریک کے باعث بڑی بھیڑ اور پر تشدد جھڑپوں کے پیش نظر پولیس کی ہدایت پر کئی میٹرو اسٹیشنز کے دروازے بند کر دیے گئے تھے۔

# حکومت طلبہ کے آگے جھکنے پر مجبور

معصوم مرادآبادی



آخر کار مودی سرکار طلبہ تحریک کے آگے گھٹنے ٹیکنے پر مجبور ہوگئی ہے۔ کاکروچ جنتا پارٹی کے کئی مطالبات منظور کرلیے گئے ہیں لیکن ابھی تک وزیر تعلیم دھرمیندر پردھان کے استعفے پر تعطل برقرار ہے۔ پرچہ لیک معاملے میں جان گنوانے والے طلبہ کے پسماندگان کو فی کس ایک کروڑ روپے ادا کرنے پر رضامندی کے اشارے ملے ہیں۔ ادھر سونم وانگ چک نے اپنی 26 روزہ بھوک ہڑتال ختم کردی ہے تاہم کاکروچ جنتا پارٹی نے دھرمیندر پردھان کے استعفے تک جنتر منتر پر اپنا احتجاج جاری رکھنے کا فیصلہ کیا ہے۔ گزشتہ 20 جولائی کو طلبہ کے پارلیمنٹ مارچ کے دوران پولیس مظالم سے اس احتجاج کو نئی دھار ملی ہے اور اس کا دائرہ ملک گیر سطح پر وسیع ہوگیا ہے۔ اس وقت ملک کے کئی شہروں میں پولیس مظالم کے خلاف احتجاجی مظاہرے ہورہے ہیں۔ احتجاج کے مسلسل بڑھتے ہوئے دائرے سے حکومت فکرمند ہے اور یہی وجہ ہے کہ وہ کاکروچ جنتا پارٹی کے ساتھ مذاکرات پر آمادہ ہوئی ہے۔ اتنا ہی نہیں خود وزیراعظم نے اپنی طویل خاموشی توڑی ہے اور آدھی رات کو پیغام جاری کرکے کہا ہے کہ وہ پرچہ لیک معاملے میں فاسٹ ٹریک عدالت اور مستقبل میں اس قسم کے واقعات کو روکنے کے لیے سخت قانون بنانے کے پابند ہیں۔ ادھر پارلیمنٹ میں بھی ایک ہفتہ کی ہنگامہ آرائی کے بعد امید ہے کہ پیر کو پرچہ لیک معاملے پر بحث ہوگی۔

پارلیمنٹ اور پارلیمنٹ کے باہر اس تحریک کی سیاسی کمان اپوزیشن رہنما راہل گاندھی نے سنبھال رکھی ہے اور ان کی کوششوں سے اپوزیشن میں نئی جان نظر آرہی ہے۔ سب سے پہلے راہل گاندھی نے وزیراعظم کی بے حسی توڑنے کے لیے ان کی سرکاری رہائش گاہ کا گھیراؤ کیا۔ ان کے ساتھ اپوزیشن کے دیگر لیڈران بھی تھے۔ وہ احتجاجی طلبہ کے ساتھ پولیس کی بدسلوکی اور لاٹھی چارج کے خلاف احتجاج اور وزیر تعلیم دھرمیندر پردھان کے استعفے کا مطالبہ کررہے تھے۔ یہ سرکاری ایجنسیوں اور پولیس کے لیے ایک عجیب وغریب صورتحال تھی اور انھوں نے اس کا مقابلہ کرنے کے لیے بھی عجیب وغریب راستہ اختیار کیا۔ پولیس نے راہل گاندھی کو گھسیٹ کر حراست میں لیا۔ ان کی جو تصویریں میڈیا میں آئی ہیں وہ بڑی حیرت انگیز ہیں۔ راہل گاندھی کو اس سے پہلے کبھی اس حالت میں نہیں دیکھا گیا۔ وہ بالکل عام لوگوں کی طرح سڑک پر لیٹ گئے۔ پولیس نے ان کے ساتھ دھکا مکی بھی کی۔ ان کے چہرے پر چوٹ کا نشان بھی ہے اور جب انھیں تھانے لے جایا گیا تو ان کے ایک پاؤں میں جوتا بھی نہیں تھا۔ ان کی ٹی شرٹ خستہ ہوچکی تھی۔ راہل گاندھی اس حکومت کی بے حسی کے خلاف مسلسل لڑرہے ہیں اور اسے کٹہرے میں کھڑا کرنے کی کوشش کررہے ہیں۔ انھوں نے گزشتہ جمعہ کو پیلٹ گن سے بری طرح زخمی ایک نوجوان کو میڈیا کے سامنے پیش کرکے حکومت کے اس دعوے کی قلعی کھول دی کہ پولیس نے جنتر منتر پر طلبہ کے خلاف پیلٹ گنوں کا استعمال نہیں کیا۔ اس سے ایک روز قبل انھوں نے گاندھی اسمرتی پر کینڈل مارچ نکالا تھا جس میں متعدد لیڈران موجود تھے۔

گزشتہ منگل کو کانگریس صدر ملکارجن کھڑگے کی 84ویں سالگرہ پر پارٹی کے سرکردہ لیڈران ان کی سرکاری رہائش گاہ پر موجود تھے جو پی ایم ہاؤس محض 500 میٹر کے فاصلے پر ہے۔ یہ فاصلہ پیدل عبور کرتے ہوئے سبھی لوگ اچانک وزیراعظم کی رہائش گاہ کی طرف بڑھنے لگے۔ خفیہ ایجنسیوں کو بھی اس کی بھنک نہیں لگ پائی۔ یوں تو وزیراعظم کی رہائش گاہ ہمیشہ سے اعلیٰ سیکورٹی زون مانا جاتا ہے، لیکن نریندر مودی کے وزیراعظم بننے کے بعد تو یہاں پرندہ بھی پر نہیں مار سکتا۔ مگر اچانک جمہوریت کے اتنے پرندوں کو وہاں دیکھ کر سیکورٹی ایجنسیوں کے ہاتھ پاؤں پھول گئے۔ کوئی اور ہوتا تو پولیس اور ایس پی جی کے جوان اسے منٹوں میں کھدیڑ دیتے مگر یہاں معاملہ اپوزیشن لیڈر کا تھا، جو خود ایس پی جی کے گھیرے میں رہتے ہیں۔ یہ ایک ایسی نازک صورتحال تھی کہ اس کا مقابلہ اس سے پہلے وہاں کسی نے نہیں کیا تھا۔ یہی وجہ ہے کہ پہلے وزیرمملکت جتیندر سنگھ کو وہاں بھیجا گیا اور انھوں نے راہل گاندھی کا یہ مطالبہ منظور کرلیا کہ حکومت پارلیمنٹ میں پیپر لیک معاملے پر بحث کے لیے تیار ہے۔ حالانکہ اس سے پہلے جب راہل گاندھی نے لوک سبھا اسپیکر سے ملاقات کرکے یہ مطالبہ کیا تھا تو انھوں نے کہا تھا کہ وہ اس معاملے میں حکومت سے اجازت لیں گے۔ جبکہ اسپیکر خود اس قسم کے فیصلے لینے کے مجاز ہیں اور وہ حکومت کے پابند نہیں ہیں۔ مجبور ہوکر راہل گاندھی نے وزیراعظم کا گھیراؤ کرنے کا فیصلہ کیا اور وہ اپنا احتجاج درج کرانے میں کامیاب رہے۔

یہ آزاد ہندوستان کی تاریخ میں پہلا موقع تھا کہ اپوزیشن لیڈران وزیراعظم کے گھر پر دھرنا دے رہے تھے۔ اس سے پہلے صرف دو بار وزیراعظم کے دفتر پر احتجاج کیا گیا ہے۔ پہلی بار 2012 میں انا آندولن کے موقع پر اور دوسری بار 1999 میں قندھار میں ہندوستانی مسافر طیارے کے اغواء کے موقع پر ایسا ہوا تھا۔ لیکن راہل گاندھی کا احتجاج دراصل حکومت اور اپوزیشن کے درمیان براہ راست لڑائی کی علامت تھا۔ اپوزیشن اس وقت اتنا مجبور ہوچکی ہے کہ اس کے سامنے 'کرو یا مرو' کے علاوہ کوئی چارہ نہیں ہے۔ اس حکومت میں سب کچھ لیک ہورہا ہے۔ نیٹ کا وہ پرچہ جس پر 22/لاکھ سے زیادہ طلبہ کے مستقبل کا دارومدار تھا لیک نہیں ہوا بلکہ رام مندر سے کروڑوں کا چندہ چوری ہوگیا اور رام مندر ٹرسٹ کے کسی عہدیدار کو سزا نہیں ملی۔ یہ وہی ٹرسٹ تھا جسے وزیراعظم نے اپنے ہاتھوں سے بنایا تھا اور اس کے ارکان کے ناموں کا اعلان باقاعدہ پارلیمنٹ میں کیا تھا، لیکن اتنی بڑی چوری کے باوجود وزیراعظم نے ایک لفظ نہیں کہا۔ کاکروچ جنتا پارٹی سے وابستہ نوجوان طلبہ نے پیپر لیک معاملے پر وزیر تعلیم دھرمیندر پردھان کے استعفیٰ کا مطالبہ کیا اور تقریباً ایک مہینے سے وہ جنتر منتر پر احتجاج اور بھوک ہڑتال کررہے ہیں۔ ماحولیاتی کارکن سونم وانگ چک پچھلے بیس دن سے بھوک ہڑتال پر تھے اور ان کی صحت مسلسل گررہی تھی، لیکن حکومت کے کانوں پر جوں تک نہیں رینگ رہی تھی۔ ایک دن اچانک صبح صبح سادی وردی میں ملبوس پولیس نے وہاں دھاوا بول کر سونم وانگ چک کو اغواء کرکے اسپتال پہنچادیا۔

گزشتہ پیر کو جب پارلیمنٹ کا اجلاس شروع ہونے والا تھا اور اس روز صبح کو کاکروچ جنتا پارٹی کو پارلیمنٹ کی طرف کوچ کرنا تھا تو پولیس اور فسادشکن فورس نے ان پر بے رحمی سے لاٹھیاں برسائیں۔ آنسو گیس چھوڑی اور انھیں منتشر کرنے کے لیے ہر وہ راستہ اختیار کیا جو ان کے بس میں تھا، لیکن پھر بھی طلبہ اور نوجوان پارلیمنٹ کے بہت قریب پہنچنے میں کامیاب ہوگئے۔ اب حکومت اس دھرنے اور احتجاجی مارچ کے پیچھے کسی بڑی سازش کا سراغ لگارہی ہے اور اس سلسلہ میں طلبہ کے خلاف چھ ایف آئی آر درج کی گئی ہیں۔ مگر حقیقت یہ ہے کہ حکومت پہلی بار ایک بڑے احتجاج کے نرغے میں پھنستی ہوئی نظر آرہی ہے، جس کا دائرہ ملک گیر سطح پر دراز ہوچکا ہے۔ اس کا دائرہ 2014 کے کسانوں کے احتجاج اور 2020 کے سی اے اے مخالف احتجاج سے زیادہ بڑھا ہوا ہے چونکہ نیٹ پیپر لیک معاملے سے ملک گیر سطح پر طلباء متاثر ہوئے ہیں اور انھیں اپنا مستقبل تاریک نظر آرہا ہے۔

اس حکومت کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ اس میں جوابدہی کا زبردست فقدان ہے۔ ملک میں بڑے سے بڑا حادثہ یا اسکینڈل ہوجائے یہ ٹس سے مس نہیں ہوتی اور ہر بری چیز کی تاویلیں پیش کرتی ہے۔ سب سے بڑا مسئلہ کرپشن کا ہے جو ملک میں کینسر کی طرح پھیل چکا ہے۔ اس صورتحال سے عدلیہ بھی فکرمند ہے۔ الہ آباد ہائی کورٹ کے جج جسٹس اتل مرلی دھرن نے بلڈوزر کارروائی سے متعلق ایک معاملے میں فیصلہ سناتے ہوئے ملک میں پھیلے ہوئے کرپشن پر تیکھا تبصرہ کیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ "رام مندر میں چڑھاوا چوری سے متعلق حالیہ تنازعہ ایمانداری کے زوال کا نقطۂ عروج ہے۔" انھوں نے کہا کہ 'یہ واقعہ صبر کا باندھ ٹوٹنے جیسا ہے، جو سماج رام مندر جیسی مقدس جگہ چوری سے پریشان نہ ہوا سے بھلا کوئی کیا شرم دلا سکتا ہے۔' انھوں نے کہا کہ "ملک میں کرپشن اتنا عام ہوچکا ہے کہ جب تک کوئی پکڑا نہ جائے تب تک لوگ اسے غلط نہیں مانتے۔ اگر سرکار بدعنوانی دور کرنے کے معاملے میں سنجیدہ ہے تو اسے قصورواروں کو سزائے موت دینے پر غور کرنا چاہئے۔"

masoom.moradabadi@gmail.com

# دھرمیندر پردھان: بڑے بے آبرو ہوکر ترے کوچے سے ہم نکلے؟

ڈاکٹر سلیم خان



وزیر تعلیم دھرمیندر پردھان کو بالآخر ذلیل ہوکر جانا پڑا لیکن وہ جاتے جاتے اپنے پورے سنگھ پریوار کو رسوا کر گئے لیکن یہ ان کی غلطی نہیں ہے۔ یہ دراصل پردھان کو پناہ دینے والے مودی اور شاہ کی ذلت ہے۔ اس موقع پر موجودہ وزیر دفاع راجناتھ سنگھ اور اس وقت کے وزیر داخلہ کا ایک جملہ یاد آتا ہے۔ یہ 24/جون 2015 کی بات ہے۔ اس وقت بطور وزیر داخلہ ایک پریس کانفرنس کے دوران انہوں نے اکڑ کر کہا تھا کہ "ہمارے یہاں وزراء کے استعفے نہیں ہوتے"۔ اس وقت کانگریس للت مودی تنازعہ اور دیگر معاملات کو لے کر سشما سوراج اور وسندھرا راجے کے استعفوں کا مطالبہ کررہی تھی تو اس کے جواب میں راج ناتھ سنگھ نے صحافیوں کے سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا تھا، نہیں نہیں، اس پر وزراء کے استعفے نہیں ہوتے بھائی، یہ یو پی اے (UPA) نہیں، این ڈی اے (NDA) کی حکومت ہے"۔ اچھا تو جناب اب دھرمیندر پردھان کا استعفیٰ ہوگیا تو کس کی حکومت ہے؟ اپنے وزیر داخلہ کی ہاں میں ہاں ملاتے ہوئے۔ سابق وزیر قانون روی شنکر پرساد نے فوراً یہ جوڑا تھا کہ ہمارے وزراء وہ کام نہیں کرتے جو یو پی اے حکومت کے وزراء کیا کرتے تھے۔ اس منطق ثابت ہوگیا دھرمیندر نے تو وہ کیا جس کا الزام وہ یو پی اے پر لگاتے تھے۔

جون 2026 میں جب کانگریس نے آپریشن سندور کے دوران ہلاک ہونے والے فوجیوں کے معاملے پر خود راج ناتھ سنگھ سے استعفیٰ مانگا، تو سوشل میڈیا پر موصوف کا وہی پرانا بیان پھر سے گردش کرنے لگا۔ ابھی تین دن قبل جنتر منتر میں احتجاج کے حوالے سے وزیرِ دفاع راج ناتھ سنگھ نے کہا تھا یہ انتہائی افسوسناک ہے کہ کچھ لوگ اپنے سیاسی مفادات کی تکمیل کے لیے ہمارے طلبہ اور نوجوانوں کو سیاسی ہتھیار کے طور پر استعمال کرنے کی کوشش کررہے ہیں۔ وزیرِ اعظم نریندر مودی کی قیادت میں ہماری حکومت نوجوانوں کی امنگوں کو پورا کرنے اور ان کی فلاح و بہبود کے لیے مکمل طور پر پُرعزم ہے۔" اتنا بڑا الزام لگانے والے راج ناتھ سنگھ کے بیان کو سن کر ان نوجوانوں کے دل پر کیا گزری ہوگی جن پر پولس اور سنگھ کے غنڈوں کے تشدد کا پہاڑ توڑا تھا ان کی ہمدردی میں راجناتھ سنگھ کی زبان سے ایک لفظ نہیں نکلا۔ رجناتھ یہ بھی کہا تھا کہ ہمارے طلبہ کے ہر خدشے کو سننا اور اس کا ازالہ کرنا ہماری ذمہ داری ہے۔ مجھے کامل یقین ہے کہ بھارت کے باشعور، بالغ فکر اور صاحبِ بصیرت نوجوان ایسے گمراہ کن ہتھکنڈوں کو بخوبی سمجھتے ہیں اور وہ ترقی، خوشحالی اور قوم کی تعمیر کے راستے ہی کا انتخاب کریں گے۔" لیکن اس کے بعد مودی جی ٹویٹ اور ویڈیو کی نوٹنکی کرنے میں مصروف ہوگئے۔ امیت شاہ مظاہرین کو این ایس اے سے ڈراتے رہے لیکن کسی ایک نہ چلی دھرمیندر کو استعفیٰ دینا پڑا جن پر غالب کا یہ شعر صادق آتا ہے۔

نکلنا خلد سے آدم کا سنتے آئے ہیں لیکن
بڑے بے آبرو ہوکر ترے کوچے سے ہم نکلے

پچھلے ہفتے وزیرِ اعظم مودی نے ایک ٹویٹ کیا کردیا کہ اس کے بعد ان کے حواریوں کی تائید کا تانتا لگ گیا۔ وزیر داخلہ سے لے کر وزیر انصاف تک ہر کوئی وزیراعظم کو سراہنے لگا۔ ایسا لگتا ہے ان سب کو اپنے رہنما کے جاگنے کا انتظار تھا۔ وہ جیسے ہی بیدار ہوئے یہ بھجن منڈلی مودی جی کی قصیدہ خوانی میں مصروف ہوگئی اور جو مشہور لوگ مودی جی کے خوف سے دُم دبا کر بیٹھے تھے ان کی زبان کے قفل بھی کھل گئے۔ ایک کے بعد ایک بیانات کی جھڑی لگ گئی لیکن جب ان کا جنتر منتر کے مظاہرین پر کوئی اثر نہیں ہوا تو کسی نے مودی جی کو یہ احمقانہ مشورہ دے دیا کہ وہ بھی نوجوانوں کی مانند موبائل پر آکر اپنا بیان شوٹ کرکے ویڈیو اپلوڈ کریں۔ اس احمقانہ مشورے نے سارا کھیل بگاڑ دیا۔ وہ اگر اپنی میڈیا ٹیم کی مدد سے ویڈیو بنواتے تو پہلے پریکٹس ہوتی، پھر میک اپ ہوتا۔ ٹیلی پرامپٹر پر بیان چلتا اسے کئی بار کٹ کرکے ایڈیٹنگ اور پھر لوگوں تک پہنچتا تو رنگ جمتا مگر ایسا نہیں ہوا۔ کلوز اپ نے مودی کے چہرے کی جھریوں کو ظاہر کرکے ان کی عمر کئی سال بڑھا دی۔ آواز میں جوش و خروش کے فقدان نے رہی سہی کسر پوری کردی اور احتجاج کرنے والے نوجوانوں کو احساس دلا دیا کہ صرف دھرمیندر پردھان کو ہٹانے سے کام نہیں چلے گا بلکہ اس کے آقا نریندر مودی کو بھی ہٹانا ہی پڑے گا۔

ایسے میں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ دھرمیندر پردھان کو کیوں بچایا جارہا ہے بلکہ اسے وزیر تعلیم کے عہدے پر فائز ہی کیوں گیا؟ اور اس کو ہٹانے میں دقت کیا ہے؟ دراصل یہ پردھان جی 1994 سے 1997 کے درمیان دو مرتبہ آر ایس ایس کی طلبا تنظیم اے بی وی پی کے قومی سکریٹری رہ چکے ہیں اس طرح وہ بی جے پی میں شامل ہونے سے پہلے ملک بھر میں سنگھی طلبہ تحریکوں کی قیادت کرچکے ہیں۔ ان کے بارے یہ خوش فہمی پائی جاتی ہے کہ وہ طلبہ کی نفسیات سے واقف ہیں۔ یہ غلط فہمی بھی تھی کہ وہ ہمیشہ دوسروں کی مدد کے لیے آگے بڑھتے تھے لیکن یہ تیس سال پرانی بات ہے جب انہوں نے اقتدار کا مزہ نہیں چکھا تھا۔ اب تو یہ حالت ہے اپنے خلاف احتجاج کرنے والے طلبا انہیں دہشت گرد نظر آتے ہیں۔ ان کی کرسی بچانے کے لیے کیا جانے والا جبر و تشدد بھی ان کا دل نہیں پگھلاتا اور وہ اپنی کرسی سے فیویکول لگا کر چپکے ہوئے ہیں۔ اس احتجاج کے دوران بے شمار طلبا کو اسپتال میں داخل کرنا پڑا۔ ایک 21 سالہ خاتون تو وینٹی لیٹر پر چلی گئی۔ پولیس کے ساتھ سنگھ کے غنڈے بھی سرکاری تحفظ میں تشدد کرتے نظر آئے۔ لڑکوں لڑکیوں کے ساتھ کھلے عام دہلی کے سڑکوں پر ناقابلِ یقین ظلم ہوا۔ اس کے باوجود اپنے ماضی کو بھول کر دھرمیندر پردھان اپنے عہدے پر بے شرمی سے براجمان ہے۔

بی جے پی نے جب تک رام مندر کی تحریک چلا کر اس پر نفرت انگیزی اور سیاسی روٹیاں سینکنے کا کاروبار نہیں شروع کیا تھا تو ملک میں دسہرا سے قبل دس دنوں تک رام لیلا ہوتی تھی۔ اس سے متعلق ایک کہانی میں ایک شخص راون کا کردار ادا کرنے کے لیے آتا ہے اور منتخب ہوجانے کے بعد دسہرا کمیٹی کے دفتر میں تیاری شروع کردیتا ہے۔ کمیٹی کے لوگ اس سے پوچھتے ہیں آپ تو یہاں کے سارے انتظامات جانتے ہیں مگر ہم نے آپ کو کبھی نہیں دیکھا تو وہ جواب دیتا ہے تیس سال پہلے جب تم لوگ پیدا بھی نہیں ہوئے تھے اسکول جایا کرتے تھے میں رام لیلا میں رام کا کردار کیا کرتا تھا مگر گردشِ زمانہ نے مجھے راون بنادیا۔ دھرمیندر پردھان کے ساتھ بھی یہی ہوا۔ اقتدار کے نشے نے اس کو رام سے راون بنادیا۔ اس لیے کاکروچ پارٹی کے لوگ اب اس کا پتلا جلارہے ہیں تاکہ وہ کرسی چھوڑ کر جائے۔ مودی سرکار اگر اس کو بچانے کی کوشش کرتی رہی تو حکومت کو جانا ہوگا۔ یہ معاملہ آگے بڑھے گا اور اس بار دسہرا میں اس ملک کے نوجوان آر ایس ایس کا پتلا جلا کر خاک کردیں گے۔ اتر پردیش سمیت ملک کے کئی حصوں میں سنگھ کے دفاتر کو گھیرا جارہا ہے۔ ناگپور میں سنگھ کے مرکزی دفتر کے باہر بھی مظاہرہ ہوچکا ہے۔ راون علم اور حربی وسائل کے باوجود اپنے آہنکار (رعونت) کے سبب مارا گیا تھا اور مودی سرکار کو بھی اس کا غرور و تکبر لے ڈوبے گا۔ کاکروچ اسے چبا کر کھاجائیں گے۔

راون کا بھائی کمبھ کرن ۶/ماہ سونے کے بعد ۶/ماہ کے لیے جاگ جاتا تھا۔ وزیراعظم نریندر مودی کی بارہ سالہ شب خوابی نے رزمیہ داستان رامائن کے کمبھ کرن کا ریکارڈ توڑ کر سری لنکا کے ساحل پر بحر ہند میں پھینک دیا۔ مودی جی نے اپنی میٹھی نیند سے بیدار ہوکر ایک ٹویٹ کیا اور ۶/منٹ بعد پھر خوابِ خرگوش میں مبتلا ہوکر یہ سپنے دیکھنے لگے کہ سی جے پی کے رہنما ان کے پیغام کو دیکھ کر خوشی سے جھوم اٹھیں گے۔ وہ ان کا شکریہ ادا کرکے اپنا احتجاج ختم کردیں گے اور چہار جانب خوشی کے شادیانے بجنے لگیں گے۔ یہ احتجاج اگر آر ایس ایس کی طلبا تنظیم اکھل بھارتیہ ودیارتھی پریشد کا ہوتا تو ایسا ہی ہوتا مگر وزیر اعظم بھول گئے کہ کاکروچ جنتا پارٹی کے پرچم تلے یہ احتجاج ہورہا ہے جنھیں وزیر تعلیم دہشت گردوں کی 'بی' ٹیم قرار دے چکے ہیں۔ ان کو 'ہٹ' سے مارنے کی کوشش میں جب بی جے پی ناکام ہوگئی تو پولس کے ساتھ اپنے پالتو غنڈوں کو ان پر چھوڑ دیا۔ سی جے پی نے اس جھانسے آنے کے بجائے وزیر اعظم کے گھڑیالی آنسوؤں کے جعلی سیلاب میں بہنے سے انکار کردیا۔ اس طرح 'دل کے ارماں آنسوؤں میں بہہ گئے۔ وہ وفا کرکے بھی تنہا رہ گئے' کیونکہ مودی نے سی جے پی کو کھلونوں سے بہلانے کی کوشش کی مگر نوجوان ان کے جھانسے میں نہیں آئے اور مودی جی جھکنے پر مجبور کردیا۔ اس رسوا کن انجام پر یہ نغمہ صادق آتا ہے۔

سب کچھ لٹا کے ہوش میں آئے تو کیا کیا
دن میں اگر چراغ جلائے تو کیا کیا

# فرار ہوجانے والی رہنما کی واپسی

فیصل محمود

اگست 2024 سے ہندوستان میں جلاوطنی کی زندگی گزارنے والی شیخ حسینہ کے اس اچانک اعلان نے کہ وہ رواں سال کے اختتام تک بنگلہ دیش واپس جانے کا ارادہ رکھتی ہیں، سب کو چونکا ضرور دیا ہے، لیکن یہ غیر متوقع نہیں تھا۔ طلبہ کی عوامی تحریک کے دباؤ میں بنگلہ دیش چھوڑنے کے بعد تقریباً دو برس تک وہ سیاسی طور پر سرگرم اور جارحانہ انداز اختیار کیے رہیں اور اپنی ممنوع قرار دی گئی جماعت، عوامی لیگ، کو زندہ رکھنے کی ہر ممکن کوشش کرتی رہیں۔ وہ وطن واپسی اور دوبارہ انتخابات میں حصہ لینے کی بات بھی کرتی رہی ہیں، لیکن ان کے حامی بھی جانتے ہیں کہ 78 برس کی عمر میں ان کی سیاسی واپسی کے امکانات نہایت محدود ہیں۔ خبر رساں ایجنسی رائٹرز کو دیے گئے ایک انٹرویو میں معزول سابق وزیراعظم نے تسلیم کیا کہ وطن واپسی پر انہیں گرفتار کیا جاسکتا ہے، پھانسی دی جاسکتی ہے یا ان کا قتل بھی ہوسکتا ہے۔ اس کے باوجود انہوں نے اصرار کیا کہ ان کے پاس اس کے سوا کوئی راستہ نہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ وہ اسی سرزمین پر مرنا چاہتی ہیں جہاں ان کے والدین مدفون ہیں اور جہاں ان کا خون بہا تھا۔

انٹرنیشنل کرائمز ٹریبونل نے نومبر 2025 میں مظاہرین کے خلاف مہلک کریک ڈاؤن سے متعلق انسانیت کے خلاف جرائم کے مقدمے میں انہیں سزائے موت سنائی تھی۔ اس کے بعد قتل اور بدعنوانی کے متعدد مقدمات بھی ان کے خلاف قائم کیے گئے۔ ڈھاکہ نے بارہا ہندوستان سے ان کی حوالگی کی درخواست کی، جبکہ نئی دہلی نے اس معاملے پر عوامی سطح پر کوئی واضح مؤقف اختیار کرنے سے گریز کیا۔ بنگلہ دیشی حکومت نے شیخ حسینہ کے اس اعلان کا خیر مقدم کیا ہے، تاہم ساتھ ہی خبردار کیا ہے کہ ملک پہنچتے ہی انہیں گرفتار کرکے مقدمے کا سامنا کرنے کے لیے جیل بھیج دیا جائے گا۔ حکومتی ترجمان نے طنزیہ انداز میں یہاں تک کہا کہ سابق وزیراعظم کو چاہیے کہ وہ اپنی قانونی لڑائی کے لیے دنیا کے بہترین وکلا کو اپنے ساتھ لے کر آئیں۔

ہندوستان نے سرکاری طور پر کہا ہے کہ حوالگی کی درخواست کا قانونی پہلوؤں سے جائزہ لیا جارہا ہے اور اس معاملے میں اس کے مؤقف میں کوئی تبدیلی نہیں آئی ہے۔ ہندوستان نے شیخ حسینہ کو باضابطہ طور پر سیاسی پناہ نہیں دی ہے۔ اگست 2024 میں اقتدار سے محروم ہونے کے بعد سے وہ ہندوستان میں ایک خصوصی مہمان کے طور پر مقیم ہیں، تاہم ان کی قانونی حیثیت کو دانستہ طور پر واضح نہیں کیا گیا ہے۔ جلاوطنی کی زندگی گزارنے والی سابق وزیراعظم کا یہ اعلان اس حقیقت کو آشکار کرتا ہے کہ ان کے سیاسی امکانات کس قدر محدود ہوچکے ہیں۔ طلبہ تحریک کے بعد ہندوستان فرار ہونے کے بعد پہلی مرتبہ ایسا محسوس ہورہا ہے کہ ان کی جلاوطنی کی زندگی اب زیادہ دیر برقرار نہیں رہ سکتی۔ ڈھاکہ کی جانب سے بڑھتا ہوا قانونی دباؤ، ہندوستان کی نازک سفارتی حکمت عملی، عوامی لیگ کے تنظیمی ڈھانچے کا بکھر جانا اور عوامی حمایت میں مسلسل کمی نے ان کے لیے سیاسی گنجائش نہایت محدود کردی ہے۔ اب سوال یہ نہیں رہا کہ شیخ حسینہ واپس جانا چاہتی ہیں یا نہیں، بلکہ یہ ہے کہ کیا حالات انہیں ایسا کرنے پر مجبور کررہے ہیں۔

شیخ حسینہ نے اپنی ممکنہ واپسی کے لیے ایک ابتدائی ٹائم لائن بھی پیش کی ہے اور اعلان کیا ہے کہ وہ رضاکارانہ طور پر خود کو قانون کے حوالے کریں گی۔ ان کا کہنا ہے کہ ان کے ساتھ عوامی لیگ کے کئی سینئر رہنما، جن میں سابق وزیر داخلہ اسد الزماں خان کمال بھی شامل ہیں، وطن واپس جائیں گے۔ اسد الزماں خان کمال کو بھی سزائے موت سنائی جاچکی ہے۔ اس قدر منظم اور مربوط اعلان کو محض ایک سیاسی ڈراما قرار دے کر مسترد کرنا آسان نہیں۔ ہندوستان نے مسلسل یہ بتانے سے انکار کیا ہے کہ آیا وہ بنگلہ دیش کی جانب سے کی جانے والی حوالگی کی درخواستوں کو قبول کرے گا یا نہیں۔ وزارت خارجہ کے حکام نے ان کے بیان پر ردعمل ظاہر کرتے ہوئے صرف اتنا کہا کہ حکومت کے مؤقف میں کوئی تبدیلی نہیں آئی ہے اور حوالگی کا معاملہ ایک قانونی مسئلہ ہے، جس سے قانون کے مطابق نمٹا جائے گا۔ سفارتی زبان اکثر اپنے کہے ہوئے سے زیادہ اپنے ان کہے الفاظ کے ذریعے بہت کچھ بیان کردیتی ہے۔

نئی دہلی نے ڈھاکہ کی درخواستوں کو براہ راست مسترد کرنے سے بھی گریز کیا ہے۔ اسی طرح ایک اہم حقیقت یہ بھی ہے کہ اگست 2024 سے شیخ حسینہ کو اپنے یہاں رکھنے کے باوجود ہندوستان نے کبھی انہیں سیاسی پناہ دینے کا باضابطہ اعلان نہیں کیا۔ یہ فرق بہت اہم ہے، کیونکہ سیاسی پناہ دینے کا مطلب انہیں غیر معینہ مدت تک تحفظ فراہم کرنے کا عہد کرنا ہوتا ہے۔ اس کے برعکس، وہ اب بھی ایک ایسی حساس مہمان ہیں جن کی موجودگی بنگلہ دیش کی نئی حکومت کے ساتھ تعلقات کو بہتر بنانے کی ہندوستانی کوششوں کو پیچیدہ بنارہی ہے۔ ہندوستان نے وزیراعظم طارق رحمان کی حلف برداری کی تقریب میں ایک بڑا وفد بھیجا تھا۔ اس کے بعد بنگلہ دیش کے وزیر خارجہ نے نئی دہلی کا دورہ کیا، جو حکومت کی تبدیلی کے بعد دونوں ممالک کے درمیان سب سے اہم دوطرفہ سفارتی رابطہ تھا۔ دونوں ممالک نے تجارت، رابطہ کاری اور علاقائی سلامتی کے معاملات پر خاموشی سے دوبارہ بات چیت شروع کردی ہے۔ ایسے میں بنگلہ دیش کی موجودہ سیاست کی سب سے زیادہ متنازع شخصیت کو غیر معینہ مدت تک پناہ فراہم کرنا ہندوستان کے لیے دن بہ دن مشکل ہوتا جارہا ہے۔

ہندوستان کے لیے یہ مخمصہ نہایت گہرا ہے۔ پندرہ برس سے زائد عرصے تک نئی دہلی نے شیخ حسینہ کی حکومت پر بھرپور سرمایہ کاری کی۔ ان کی حکومت جنوبی ایشیا میں ہندوستان کی سب سے قریبی تزویراتی شراکت دار بن گئی تھی، جس نے شمال مشرقی ہندوستان میں سرگرم شورش پسند تنظیموں کے خلاف غیر معمولی سیکیورٹی تعاون فراہم کیا اور ساتھ ہی اقتصادی انضمام اور علاقائی رابطہ کاری کو فروغ دیا۔ ایسے اتحادی کو مکمل طور پر تنہا چھوڑ دینا خطے میں ہندوستان کے دیگر شراکت داروں کے درمیان اس کی ساکھ کو نقصان پہنچا سکتا ہے۔ اس کے باوجود، انسانیت کے خلاف جرائم میں سزائے موت پانے والی ایک سابق رہنما کو مسلسل تحفظ فراہم کرنے کی بھی اپنی سفارتی قیمت ہے۔ اقوام متحدہ کے اندازے کے مطابق مظاہرین کے خلاف کارروائی کے دوران کم از کم 400,1 افراد ہلاک ہوئے تھے، جس کے نتیجے میں بالآخر شیخ حسینہ کی حکومت کا خاتمہ ہوا۔ اگرچہ وہ ان نتائج کو مسترد کرتی ہیں، لیکن ان پر عائد الزامات کی سنگینی انہیں ایک سفارتی بوجھ بنادیتی ہے۔

ڈھاکہ کی جانب سے آنے والی ہر نئی حوالگی کی درخواست ہندوستان پر دباؤ میں اضافہ کرتی ہے۔ دونوں ممالک کے تعلقات میں ہونے والی ہر بہتری نئی دہلی کے لیے اس معاملے کو مزید طول دینے کی گنجائش کم کرتی جارہی ہے۔ اس کا مطلب ہرگز یہ نہیں کہ ہندوستان نے انہیں حوالہ کرنے کا فیصلہ کرلیا ہے۔ اس کی قانونی کارروائی نہایت پیچیدہ ہے۔ ہندوستانی عدالتیں اس بات کا جائزہ لے سکتی ہیں کہ آیا انہیں منصفانہ سماعت کا موقع ملے گا یا نہیں۔ تاہم، ہندوستان کے لیے اپنی اس مبہم پالیسی کا دفاع کرنا وقت کے ساتھ زیادہ مشکل ہوتا جائے گا۔ آج دنیا میں شاید ہی کوئی ایسا ملک ہو جو متعدد فوجداری مقدمات اور بار بار کی جانے والی حوالگی کی درخواستوں کا سامنا کرنے والے کسی معزول رہنما کو رضاکارانہ طور پر اپنے یہاں پناہ دینے پر آمادہ ہو۔ مغربی جمہوری ممالک ایسے شخص کی خاطر سفارتی تنازع مول لینے کا خطرہ مول نہیں لیں گے جس پر اجتماعی قتلِ عام کے الزامات عائد ہوں۔ یہاں تک کہ خلیجی بادشاہتوں نے بھی سیاسی طور پر متنازع جلاوطن رہنماؤں کی میزبانی میں کوئی خاص دلچسپی نہیں دکھائی ہے۔

روس ایک نظریاتی امکان ضرور ہوسکتا ہے، لیکن ماسکو بھی غالباً اس راستے پر چلنے سے گریز کرے گا، کیونکہ وہ بنگلہ دیش کے ساتھ اپنے تعلقات کو برقرار رکھنا چاہتا ہے، خصوصاً ایسے وقت میں جب دونوں ممالک کے درمیان کئی بڑے تجارتی منصوبے تکمیل کے مراحل میں ہیں۔ بنگلہ دیش کے وزیراعظم کے مشیر برائے اطلاعات، جاہد الرحمٰن نے کہا ہے کہ ان کی حکومت شیخ حسینہ کو وطن واپس لانے کی کوشش کررہی ہے اور ان کی واپسی کا خیر مقدم کرے گی۔ انہوں نے ان خدشات کو مسترد کردیا کہ شیخ حسینہ کی واپسی سے ملک میں عدم استحکام پیدا ہوگا اور کہا کہ ان کا اب کوئی سیاسی مستقبل باقی نہیں رہا۔ ان کے بقول، ٹریبونل کی کارروائی شفاف ہوگی اور بین الاقوامی مبصرین کے لیے کھلی رہے گی۔ یہ اعتماد اس حقیقت کی عکاسی کرتا ہے کہ طلبہ تحریک کے بعد سے بنگلہ دیش کا سیاسی منظرنامہ کس قدر تبدیل ہوچکا ہے۔

اقتدار سے محروم ہونے سے قبل عوامی لیگ اور ریاستی اقتدار ایک دوسرے سے الگ تصور نہیں کیے جاتے تھے۔ تقریباً دو دہائیوں تک اقتدار میں رہنے کے باعث شیخ حسینہ نے تمام اہم فیصلوں کو اپنی ذات تک محدود کرلیا تھا۔ ریاستی ادارے ان کے شخصی اقتدار کے گرد گھومتے تھے۔ ان کے اچانک اقتدار سے ہٹنے کے بعد اس حد سے زیادہ اختیارات کے ارتکاز کے نتائج کھل کر سامنے آگئے۔ جماعت کے کئی سینئر رہنما ملک چھوڑ کر فرار ہوگئے جبکہ دیگر اب بھی روپوش ہیں۔

شیخ حسینہ کا یہ اعتراف کہ عملی طور پر عوامی لیگ کے تقریباً تمام کارکنان کو قانونی کارروائی کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے اور ان کی جانب سے اجتماعی طور پر خود کو قانون کے حوالے کرنے کی تجویز دراصل جماعتی یکجہتی کا مظاہرہ کرنے اور مسلسل زوال کے دو برس بعد کارکنان کے حوصلے بلند رکھنے کی ایک کوشش بھی ہوسکتی ہے۔ حوالگی کے ذریعے واپس بھیجے جانے کے بجائے رضاکارانہ طور پر وطن واپسی شاید انہیں اپنی سیاسی خودمختاری اور ساکھ کو کسی حد تک برقرار رکھنے میں مدد دے سکے۔ وہ اپنی خودسپردگی کو جبری بے دخلی کے بجائے سیاسی انتقام کے خلاف ایک اصولی مؤقف کے طور پر پیش کرنے کی کوشش کریں گی۔

لیکن وطن واپسی کا مطلب فوری گرفتاری، قید اور اس کے بعد فوجداری مقدمات کا سامنا بھی ہے۔ طلبہ کی ہلاکتیں اب بھی بنگلہ دیشی عوام کے لیے ایک تازہ زخم ہیں اور عوامی غم و غصہ کسی بھی وقت سیکیورٹی کے لیے ایک بڑا چیلنج بن سکتا ہے۔ اس کے باوجود، شیخ حسینہ کے لیے ہندوستان فرار ہوکر آنے کے بعد کی یہ جلاوطنی اب ایک بند گلی میں تبدیل ہوتی دکھائی دے رہی ہے۔☆

(فیصل محمود، ڈھاکہ میں مقیم ایک سینئر صحافی ہیں۔ بشکریہ قومی آواز)

اودھ نامہ

# جمہوریت کی فتح

جنتر منتر نیٹ یو جی کے پیپر لیک اور وزیر تعلیم کے استعفے کو لے کر سی جے پی کے بیر تلے طلبہ کا احتجاج رنگ لایا اور بالآخر حکومت نے طلبہ کی مطالبات تسلیم کئے اسی کے ساتھ ہی طلبہ نے احتجاج کے ختم ہونے کا اعلان کیا۔ سب سے اہم مطالبہ مرکزی تعلیم دھرمیندر پردھان کے استعفے کا تھا جس پر حکومت پس و پیش میں تھی اور کل ہونے والی بات چیت میں بھی اس نے آج یعنی ہفتہ کی دوپہر تک کا وقت لیا تھا اور آج دوپہر میں پردھان جی کا استعفیٰ کی خبر آگئی۔ اس کا اندزہ ماہرین پہلے ہی لگا رہے تھے کہ ہفتہ کو ہونی والی ملاقات اور بات چیت میں پردھان کا استعفیٰ سامنے آسکتا ہے کیوں کہ حکومت کے پاس اس کے علاوہ کوئی چارہ بھی نہیں تھا۔ لگاتار پیپر لیک سے طلابہ اور ان کے والدین دونوں پریشان تھے اور حکومت کی طرف سے کوئی اسی کاروائی نہیں ہی گئی جو قابل ذکر اور نہ ہی حکومت ایسا کوئی ی انتظام کرسکی کہ پیر لیک نہ ہونے پائے۔ جب جب پیپر لیک ہوا ہر طرف سے اعتراض ہوا ،سوالات اٹھے لیکن کسی سوال یا کسی بھی اعتراض کا جواب نہیں دیا گیا اور ایسا پیغام جانے لگا کہ حکومت جمہوریت کے بجائے تاناشاہی ہوگئی ہے اور اس کے اندر حس نام کی کوئی چیز نہیں رہ گئی ہے۔ جب ملک کے نوجوان/طلبہ کا پیمانہ چھلک اٹھ تو ایک جمہوری اور آئینی طریقہ سے آر پار کی لڑائی لڑنے کا فیصلہ کیا۔ اگر چہ کچھ لوگوں نے اس احتجاج کو بدنام کرنے کی پالیسی بھی اپنائی تا کہ عوام کو اس احتجاج کے خلاف بھڑکایا جاسکے لیکن اب بہت دیر ہوچکی تھی اور کمان سے تیر نکل چکا تھا۔ جب احتجاج مین بھیڑ بڑھ گئی تو بہت ممکن ہے کہ اس میں کچھ شرپسند عناصر بھی در آئے ہوں جن کی نادانی کی وجہ سے یا دانستہ شرارت کی وجہ سے پولیس کو موقع مل گیا اور اس نے تشدد شروع کردیا جو ل گیا اسے پھوڑ کر رکھ دیا۔ اس پولیسیہ کاروائی کی ہر طرف سے مذمت کی گئی اور ہوا اور بگڑ گئی۔ وزیراعظم اور وزیر داخلہ کبھی اتنی مشکل یا دھرم سنکٹ مین نہیں پھنسے تھے کہ اتنی جلدی بات چیت شروع کردی گئی۔ اور آج بات چیت میں حکومت نے مظاہرین کی بات مان لی۔ مرکزی وزیر تعلیم دھرمیندر پردھان نے اپنے عہدے سے استعفیٰ دے دیا ہے۔ اور اپنے خط میں لکھا:۔

میرے نوجوان ساتھیو! میں گزشتہ 4 دہائیوں سے زیادہ عرصے سے طلبہ، اساتذہ اور تعلیمی اصلاحات کے لیے وقف رہا ہوں۔ میرا ہمیشہ یہ یقین رہا ہے کہ ایک مضبوط، جامع اور دور اندیش تعلیمی نظام ہی ایک مضبوط قوم کی بنیاد ہوتا ہے۔ میں ملک کے نوجوانوں کی امنگوں، جذبات اور ان کی جائز توقعات کا گہرا احترام کرتا ہوں۔ ہندوستان کی نوجوان نسل کے خوابوں کو پورا کرنا ہم سب کی سیاسی اور سماجی زندگی کا اخلاقی عزم رہا ہے۔ محترم وزیراعظم جی کی دور اندیش قیادت میں قوم کی خدمت کرنے کا جو موقع مجھے حاصل ہوا، اس کے لیے میں وزیراعظم جی کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

لیکن 3 مئی 2026 کو منعقد ہوئے نیٹ یو جی امتحان میں بے ضابطگیاں سامنے آئیں۔ حکومتِ ہند نے اس کا فوری نوٹس لیتے ہوئے تحقیقات سی بی آئی کے حوالے کیں اور امتحان کو منسوخ کردیا، جبکہ دوبارہ امتحان کی تاریخ کا اعلان کیا گیا۔ اس کے ساتھ ہی اگلے سال سے اس امتحان کو سی بی ٹی (Computer-based-test) موڈ میں منعقد کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ اس دوران ہماری سب سے بڑی ترجیح یہ رہی کہ 20 لاکھ سے زیادہ طلبہ کا امتحان کامیابی کے ساتھ منعقد کیا جائے۔ اس کے لیے whole of government approach کے تحت کام کیا گیا۔

ہمارا عزم تھا کہ ہم کسی بھی قابل طالب علم کے امکانات کو ایگزام مافیا کی وجہ سے خراب نہیں ہونے دیں گے اور کسی بھی طالب علم کے ساتھ ناانصافی نہیں ہونے دیں گے۔ 16 جولائی کو اعلان کیے گئے NEET UG کے نتائج اطمینان بخش رہے، جس میں غریب پس منظر سے آنے والے کئی قابل طلبہ کو بھی کامیابی ملی۔ لیکن اس دوران بھی کئی طلبہ کو گمراہ کرنے کے لیے ذمہ دار عہدوں پر بیٹھے افراد نے رکاوٹیں ڈالنے کی کوشش کی، جس سے دل انتہائی دکھی ہوا۔ میں ہمیشہ ہماری جمہوریت کی طاقت پر اٹل یقین رکھنے والا رہا ہوں اور نوجوانوں کی امنگوں، خوابوں اور توقعات کا گہرا احترام کرتا آیا ہوں۔ وہ صرف ہندوستان کا مستقبل ہی نہیں ہیں بلکہ ایک نئے اور وکست بھارت کے علمبردار، تخلیق کار اور مستقبل کے معمار بھی ہیں۔ گزشتہ 10 دنوں کے واقعات کو دیکھ کر میرا دل دکھی ہے۔ یہ میرے لیے ذاتی وقار کا معاملہ نہیں ہے۔ ہندوستان کی نوجوان طاقت ہی اس ملک کی اصل طاقت ہے۔ ہم ملک کی نوجوان طاقت کو غلط فہمیوں کے چکر میں پھنسنے نہیں دیں گے، یہی میرا عزم ہے۔ جنتر منتر اور ملک میں جو صورتحال پیدا ہوئی ہے، اس صورتحال کا ملک مخالف طاقتیں فائدہ نہ اٹھائیں، ملک کا اتحاد برقرار رہے، ہندوستان کے کسی بھی طالب علم کا مستقبل قانونی پیچیدگیوں میں نہ الجھے، ہمارے بچے اپنا وقت پڑھائی میں لگائیں اور اپنے کیریئر بنانے پر توجہ دیں، اسی بات کو مدنظر رکھتے ہوئے میں نے اپنا استعفیٰ محترم وزیراعظم جی کو بھیج دیا ہے۔

کچھ لوگ اس پورے منظرنامے کو سی جے پی کی جیت بتا کر حکومت پر تنقید بھی کررہے ہیں لیکن سچ تو یہ ہے کہ حکومت نے طلبہ کا احترام کرتے ہوئے بات چیت کا دروازہ کھولا اور جلد از جلد مثبت نتائج تک پہونچی یہ ہماری جمہوریت کی جیت ہے۔ کسی فریق کی ہار یا جیت نہیں۔

مضمون و مراسلہ نگار کی آراء سے ادارہ کا متفق ہونا ضروری نہیں

مالک، پبلشر، پرنٹر و ایڈیٹر تقدیس فاطمہ رضوی نے گروپ 5 پبلی کیشن 55بی۔ وزیر حسن روڈ، لکھنؤ سے چھپوا کر پہلی منزل مسجد نور محل ساکیت پلی نرہی، لکھنؤ سے شائع کیا۔ ریزیڈنٹ ایڈیٹر: ڈاکٹر ہارون رشید
Proprietor, Publisher, Printer and Editor, Taqdees Fatima Rizvi printed at Group 5 Publication, 55B, Wazir Hasan Road, Lucknow, and published from Masjid Noor Mahal, First Floor, Saket Palli Narhi, Lucknow. , Resident Editor: Dr. Haroon Rasheed, avadhnama@gmail.com, Ph:0522-3506829, 9335135181

